© rasailojaraid.com



ہے۔ اُمت کو اس کا احساس ہی نہیں ہے۔ زیرتبصرہ کتاب Arabs and Israel کی تلخیص ہے۔ مترجم نے اہم موضوعات کا خلاصہ دو دو، تین تین صفحات میں کر دیا ہے۔ مصنف نے تاریخی دستاویزات اور حوالوں سے بھی اسرائیل میں یہودیوں کی غیر فطری آمد کا جائزہ لیا ہے۔ یہودیوں نے اردگرد کے ممالک کو دائمی طور پر اپنے تسلط میں لانے کے لیے جو فوجی و غیر فوجی تفصیلی منصوبے تیار کر رکھے ہیں اُس کا سرسری جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ تاہم کچھ مقامات پر غیر معمولی اختصار اور اصطلاحات کا ترجمہ کھٹکتا ہے۔ مسئلہ فلسطین کو مختصر طور پر سمجھنے کے لیے یہ ایک اچھی کتاب ہے۔ ترجمہ رواں دواں ہے۔(محمد ایوب منیر)

## تعارف کتب

◉ **اسوۂ حسنہ، ایک سماجی مطالعہ**، عبداللہ جاوید۔ ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے-۴/ ۱۷، ناظم آباد نمبر۴، کراچی- فون: ۳۶۶۸۴۷۹۰-۰۲۱۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [زیرتبصرہ کتابچے میں مختلف معاشرتی پہلوؤں، مثلاً اسلام کی اخلاقی تعلیمات، والدین کے حقوق، زوجین کی مثالی زندگی، بچوں کی تربیت، گھریلو اور خاندانی زندگی، تجارت کا فروغ، مخلوط سماج اور سیرتِ رسولؐ، مثالی حکمران، امنِ عالم اور ملک کی خیرخواہی جیسے موضوعات کے مقاصد، متعلقہ واقعاتِ سیرت اور احادیث کے ذریعے مضامین کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ ان نکات کی بنیاد پر جامع مضامین مرتب کیے جاسکتے ہیں۔]

◉ **رہنماے ترجمۃ القرآن**، قاری حبیب الرحمٰن قریشی۔ ناشر: باسط کاپی کارنر۷- الکریم مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۴۳۵۰۶۶۴-۰۳۲۱۔ صفحات: ۲۶۰۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [قرآنِ مجید کے فہم اور تعلیمات کو عام کرنے کے لیے اس کتاب میں قراءت کے قواعد اور عربی زبان کے قواعد اور صرف ونحو مروجہ طریقوں سے ہٹتے ہوئے سہل انداز میں پیش کیے گئے ہیں۔ ان کے مطالعے سے ایک طالب علم میں مختصر عرصے میں ترجمہ قرآن کرنے کی صلاحیت پیدا ہوسکتی ہے۔ قواعد وضوابط کی عملاً مشق کے لیے معروضی مشقیں بھی دی گئی ہیں۔]

◉ **کلام اقبال** (موضوعاتی ترتیب سے)، مرتب: ابن غوری۔ ناشر: زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر، مقدس مسجد، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۴۴۵۔ قیمت: درج نہیں۔ [اقبال کی اُردو نظموں اور اشعار کو مختلف موضوعات کے تحت یک جا کیا گیا ہے۔ عنوانات: عقل وخرد، عقل ودل، عقل وجنون، عقل ونگاہ، مدرسہ، خانقاہ، وغیرہ۔ تعداد ۲۳۲ ہے۔ کوئی دیباچہ شامل ہے، نہ یہ بتایا ہے کہ اس کتاب کی ضرورت یا اہمیت کیا ہے؟ اور کیا اس میں پورے 'کلیاتِ اقبال اُردو' کا احاطہ کرلیا گیا ہے؟ بظاہر کتاب کی افادیت: مضمون نویس یا مقرر کسی خاص موضوع پر اشعار تلاش کرنے کی زحمت سے بچ سکتا ہے۔ پاورق میں شعر کے مجموعے اور غزل یا نظم کا عنوان بھی دیا گیا ہے۔]

© rasailojaraid.com